# رازداری کی حدود

## جب ہم معلومات کو پرائیویٹ نہیں رکھ سکتے ہیں: بچوں کی حفاظت کرنا



یہ کتابچہ بتاتا ہے کہ بچوں کی حفاظت اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے HSE کے عملے کو حساس یا ذاتی معلومات کا اشتراک کرنے کی ضرورت کیوں پڑ سکتی ہے۔

ہم آپ کی رازداری کے حق کا احترام کرتے ہیں اور آپ کی معلومات کو محفوظ رکھنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ تاہم، اس رازداری کی کچھ حدود ہیں۔ کچھ صورتوں میں ہمیں معلومات کا اشتراک کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

اگر ہم کسی بچے کی حفاظت یا اس کی صحت و تندرستی کے بارے میں فکر مند ہیں، تو ہمیں ٹوسلا (دی چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی) یا An Garda Síochána کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ یہ بچوں کی حفاظت کے لیے قانون کے تحت ضروری ہے۔




## بچوں کا تحفظ –
## ہماری قانونی ذمہ داریاں

بچوں اور نوجوانوں کی حفاظت، فلاح و بہبود اور نشونما HSE کی پہلی ترجیح ہوتی ہے۔ ہمارے کام کی رہنمائی قانون اور پالیسی سے ہوتی ہے، جیسا کہ:

- چلڈرن فرسٹ ایکٹ ۲۰۱۵ اور
- چلڈرن فرسٹ نیشنل گائیڈنس برائے تحفظ اور فلاح و بہبود اطفال ۲۰۱۷




ہماری پالیسی یہ ہے کہ HSE کے تمام عملے کو ٹوسلا کو اس وقت مطلع کرنا چاہیے جب ان کے پاس تشویشات کی معقول بنیادیں ہوں کہ کسی بچے کے ساتھ بدسلوکی کی گئی ہو، کی جارہی ہو، یا نظرانداز (نقصان) پہنچانے جانے کا خطرہ ہو۔

اس کے علاوہ، کچھ HSE کے عملے کے لیے قانونی طور پر یہ ضروری ہے کہ اگر انہیں لگتا ہے کہ کسی بچے کو نقصان پہنچایا گیا ہو، اسے نقصان پہنچایا جا رہا ہو یا اسے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو اس کی رپورٹ کریں۔

**آئرلینڈ میں قانون کے مطابق، ۱۸ سال سے کم عمر والے کسی بھی فرد کو بچہ سمجھا جاتا ہے۔**

## ہم تشویشات کی شناخت کیسے کرتے ہیں؟

کسی بچے کی فلاح و بہبود یا تحفظ کے بارے میں تشویشات ہماری توجہ میں مختلف طریقوں سے آسکتی ہیں، جیسے:

- کوئی بچہ ہمیں بتاتا ہے یا علامات دکھاتا ہے کہ اسے نقصان پہنچایا گیا ہے۔
- ہم کچھ ایسا دیکھتے یا سنتے ہیں جس سے ہمیں لگتا ہے کہ کسی بچے کو نقصان پہنچایا گیا ہے، پہنچایا جا رہا ہے، یا اسے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔
- کوئی شخص اس تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ کسی بچے کو نقصان پہنچایا گیا ہے، پہنچایا جا رہا ہے، یا اسے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔
- ایک نوجوان نے بتایا کہ انہیں بچپن میں نقصان پہنچایا گیا تھا، اور ہمارا ماننا ہے کہ اب یا مستقبل میں کسی دوسرے بچے کو اس شخص سے خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

## ہم تشویش کی رپورٹ کہاں کریں؟

ٹوسلا آئرلینڈ کی وہ ایجنسی ہے جو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہے کہ بچے محفوظ رہیں اور ان کی اچھی طرح دیکھ بھال ہو۔ وہ خاندانوں کو مدد بھی فراہم کرتے ہیں۔

اگر ہمیں کسی بچے کی بہبود یا تحفظ کے بارے میں تشویشات ہوں، تو ہمیں ان کی رپورٹ ٹوسلا کو دینی چاہیے۔ آپ ان کے کردار اور خدمات کے بارے میں مزید معلومات یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں:

www.tusla.ie/children-first/

بعض صورتوں میں، ہمیں اپنی تشویشات کی رپورٹ An Garda Síochána کو بھی دینی پڑ سکتی ہے، یا اگر ضروری ہو تو ٹوسلا ان کے ساتھ معلومات کا اشتراک کر سکتا ہے۔

## ہمیں تشویشات کی رپورٹ دینی چاہیے، اگرچہ:

- ہم اس بچے یا شخص کو نہیں جانتے جس نے نقصان پہنچایا ہے۔
- آپ ہمیں بتائیں کہ تشویش کی رپورٹ پہلے ہی ٹوسلا یا An Garda Síochána کو دی جا چکی ہے۔
- بعد میں آپ فیصلہ کریں کہ آپ اپنی اس کہی ہوئی بات کو واپس لینا چاہتے ہیں جس کی وجہ سے تشویش پیدا ہوئی ہے۔

## آپ کی رضامندی اور بچوں کا تحفظ

ہم عام طور پر آپ کے ساتھ اپنی تشویشات پر بات کریں گے اور وضاحت کریں گے کہ ہم رپورٹ کیوں تیار کر رہے ہیں۔

تاہم، ہمیں رپورٹ تیار کرنے کے لیے آپ کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے۔ جب بات بچوں کے تحفظ کی آتی ہے تو ڈیٹا تحفظ کے قوانین اور جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) ہمیں بچوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہونے پر معلومات کا اشتراک کرنے سے نہیں روکتے ہیں۔

## آگے کیا ہوگا؟

رپورٹ ہونے کے بعد، ٹوسلا مزید معلومات اکھٹا کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کر سکتا ہے۔ ان کا مقصد صورتحال کو پوری طرح سمجھنا ہے تاکہ وہ خطرے سے دوچار کسی بھی بچے کی حفاظت اور مدد کر سکیں۔

آپ کا تعاون اہم ہے۔ اس کے بغیر، ٹوسلا کے لیے بچے کو نقصان سے محفوظ رکھنا مشکل ہو سکتا ہے۔

## امدادی خدمات

ہمارے خیال میں یہ عمل آپ کے لیے مشکل ہو سکتا ہے، اور آپ کو مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

مدد کے لیے خدمات موجود ہیں۔ ان میں سے بہت ساری خدمات مفت ہیں اور ان کے لیے ریفرل کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، HSE کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

**دماغی صحت کی معاونت اور خدمات - HSE.ie**

## اگر آپ کو کوئی پریشانی درپیش ہو تو کیا کریں

اگر آپ کسی بچے کی حفاظت یا صحت و تندرستی کے بارے میں فکر مند ہوں، تو خاموش نہ رہیں۔ اپنی تشویش کی رپورٹ ٹوسلا اور/یا An Garda Síochána کو کریں۔

## مزید معلومات

**HSE چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر پالیسی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں:**

**www.hse.ie/childrenfirst**

**QR کوڈ کو اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: https://www.hse.ie/eng/services/list/2/primarycare/childrenfirst/hse-child-protection-and-welfare-policy/**

**اس کتابچے کا ترجمہ دیگر زبانوں میں کیا گیا ہے۔ نیچے دیئے گئے QR کوڈ اسکین کریں یا n|b۱;t|c;n|t۱;t|o;https://www.hse.ie/eng/services/list/۲/primarycare/childrenfirst/resources/limits-to-confidentiality.html ملاحظہ کریں۔**

HCF۰۱۸۰٤